© rasailojaraid.com

تبصرے

چند نظمیں از پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی تقطیع خورد ضخامت ۶۹ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ایک روپیہ پتہ :- کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دہلی

پنڈت کیفی جس طرح اردو زبان کے نامور محقق، مصنف اور انشا پرداز ہیں۔ اسی زبان کے شگفتہ بیان شاعر بھی ہیں اس مجموعہ میں موصوف کی چند نظمیں ان کے تازہ کلام سے منتخب کر کے جمع کی گئی ہیں یہ نظمیں قومی، ملکی اور سماجی و معاشرتی مسائل پر لکھی گئی ہیں جن سے شاعر کی محبت انسانی اور ہمدردی وغم گساری کے جذبات نمایاں ہیں پھر زبان وبیان کا کیا کہنا اس کے لئے کیفی صاحب کا نام سب سے بڑی ضمانت ہے۔ اس طرح یہ نظمیں ادبی شاہکار بھی ہیں اور سبق آموز وعبرت آفریں بھی! ان کا مطالعہ ہر ایک اردو داں کو کرنا چاہئے،

جناب رحمت قطبی صاحب جنہوں نے بڑی محنت اور اخلاص سے یہ نفیس اور متبرک مجموعہ شائع کیا ہے ارباب ذوق کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں۔

انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال کا اثر از مولانا سید ابوالحسن علی ندوی تقطیع متوسط ضخامت ۳۱۴ صفحات، طباعت وکتابت بہتر قیمت مجلد للعہ چار روپیہ بارہ آنہ پتہ :- مکتبۂ اسلام گوئن روڈ لکھنؤ۔

اسلام کسی خاص فرقہ یا گروہ۔ یا کسی ایک مخصوص ملک وقوم کا نہیں بلکہ پورے عالم انسانیت کا صالح ترین نظام اجتماع وزندگی ہے اور جس طرح اس نظام کا داعی آخر الزماں رحمۃ للعالمین تھا اسی طرح یہ نظام بھی دنیا کے سب انسانوں کے لئے سرتا سر خیر وبرکت تھا جن خوش نصیب لوگوں نے اس پیغام ربانی کو قبول کیا قرآن مجید میں ان کو "امۃ وسطا" اور "شھداء علی الناس" کے لقب سے سرفراز فرما کر اس حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ جس دولت ونعمت سے وہ خود

© rasailojaraid.com